**UG-061** **BUR-11**

B.A. DEGREE EXAMINATION – JUNE, 2019.

First Year

Urdu

PROSE

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

ہرسوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے صرف تین کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے :

(الف) مگر متعصب اپنی بد خصلت سے ہر ایک ہنر اور فن اور علم کے اعلیٰ درجے تک پہنچنے سے محروم ہو جاتا ہے۔

(ب) بے سوچ اور بے سمجھے رسومات کی
پابندی کرنے سے گو وہ رسمیں اچھی ہی
کیوں نہ ہوں آدمی کی ان صفتوں کی ترقی
اور شگفتگی نہیں ہوتی جو خدائے تعالیٰ نے
ہر آدمی کو جدا جدا عنایت کی ہیں۔

(ج) رسومات کی پابندی نہ کرنے سے آدمی
خراب کاموں اور بُری باتوں میں مبتلا
ہو جاتا ہے مگر یہ بات صحیح نہیں ہے

اس لئے کہ انسان کی ذات میں جیسے کہ خراب کام کرنے کی قوتیں اور جذبے ہیں ویسے ہی ان کے روکنے کی بھی قوتیں اور جذبے ہیں۔

(د) انسان بھی مثل اور حیوان کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اس کے دلی قویٰ کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے۔

(ھ) دوست ہمیشہ اپنے دوست کی نیکیوں کو بڑھاتا ہے۔دشمن عیبوں کو۔اس لئے ہم کو اپنے دشمن کا زیادہ احسان مند ہونا چاہئے کہ ہم کو ہمارے عیبوں سے مطلع کرتا ہے۔

(و) وہ پہلا گنہگار انسان جب شیطان کے چنگل میں پھنسا اور تمام نیکیوں نے اس کو چھوڑا اور تمام بدیوں نے اس کو گھیرا تو صرف تُو ہی اُس کے ساتھ رہی تُو ہی نے اس نا اُمید کو نا اُمید ہونے نہیں دیا۔

۲۔ سرسید احمد خان کی علمی و ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

۳۔ سائینٹفک سوسائٹی کے اغراض و مقاصد کیا تھے؟ اس سوسائٹی نے ملک میں جدید خیالات کو عام کرنے میں کیا نمایاں خدمات انجام دیں؟ واضح کیجئے۔

۴۔ ''علی گڑھ تحریک کی بدولت اُردو ادب میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا'' آپ اس خیال سے کس حد تک متفق ہیں؟

۵۔ سرسید کے چند اہم تصنیفی کارناموں پر ایک سیر حاصل مضمون رقم کیجئے۔

۶۔ ''خوشامد'' سے انسان میں کون کون سی برائیاں پیدا ہونے کا امکان ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۷۔ سرسید نے اپنے مضمون میں ''رسم و رواج کی پابندی'' سے پیدا ہونے والے کن نقصانات کی نشاندہی کی ہے؟ واضح مضمون رقم کیجئے۔

۸۔ سرسید کے مضمون ''امید کی خوشی'' سے قوم کو کیسا پیغام ملتا ہے؟ مفصل تحریر کیجئے۔

---

| | |
|---|---|
| **UG-062** | **BUR-12** |

B.A. DEGREE EXAMINATION – JUNE, 2019.

First Year

Urdu

GAZALIYATH AND RUBAIYATH

Time : 3 hours Maximum marks : 75

۱۔ ذیل کے اشعار میں سے کسی چار کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے : (4 × 5 = 20)

(الف)

بوئے گُل، نالۂ دِل دودِ چراغ محفل

جو تری بزم سے نکلا وہ پریشاں نکلا

(ب)

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے

پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(ج)

یہ کمالِ عشق کی سازشیں، یہ جمالِ حسن کی نازشیں

یہ عنایتیں، یہ نوازشیں، مری ایک مشتِ غبار پر

(د)

دنیا یہ دُکھی ہے پھر بھی مگر، تھک کر ہی سہی، سو جاتی ہے

تیرے ہی مقدر میں، اے دل، کیوں چین نہیں، آرام نہیں

(ھ)

رنج سے خوگر ہو انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہوگئیں

(و)

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا
آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

(ز)

عہدِ جوانی رو رو کاٹا، پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے، صبح ہوئی آرام کیا

۲۔ ذیل کے کسی دو رباعیات کی تشریح بحوالۂ شاعر کیجئے : (2 × 5 = 10)

(الف) ہے تیری نظر اوروں کے اب عیبوں پر
کچھ اپنے عیوب کی بھی تجھ کو ہے خبر
پھر سر نہ اُٹھائے گا ندامت سے کبھی
جب ڈالے گا تو اپنے گریباں میں نظر

(ب) اس سینے میں کائنات رکھ لی میں نے
کیا ذکرِ صفات ذات رکھ لی میں نے
ظالم سہی، جاہل سہی، ناداں سہی
سب کچھ سہی تری بات رکھ لی میں نے

(ج) جس بات میں تم شکستِ ملت سمجھو
اس میں شرکت کو اپنی ذلت سمجھو
جو بندۂ نفس ہو مخالف اس کا
قومی غیرت کی اس میں قلت سمجھو

(د) دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی
ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی
جو آکے نہ جائے وہ بوڑھاپا دیکھا
جو جاکے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

۳۔ صرف دوسوالوں کے جواب مطلوب ہیں :

(2 × 15 = 30)

(الف) غالبؔ کے حالاتِ زندگی پر مفصّل مضمون رقم کیجیے۔

(ب) میرؔ بحیثیتِ ''غزل گو شاعر'' اور ان کی شاعری کی خصوصیات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(ج) جگر مرادآبادی کی شاعری پر مفصل نوٹ لکھیے۔

(د) رباعی کا مفہوم سمجھاتے ہوئے اُردو میں رباعی کے ارتقاء کا جائزہ لیجیے۔

۴۔ کسی ایک سوال کا جواب رقم کیجیے :

(1 × 15 = 15)

(الف) غزل کی تعریف کیجیے۔ اور اس کے فنی

اصطلاحات کی وضاحت کیجیے۔

(ب) غزل کی ابتداء اور ارتقاء پر اپنی

جانکاریوں کا خلاصہ کیجیے۔

---